© rasailojaraid.com



سمونے کی سعی کی ہے یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عشق ومحبت کی دلیل ہے انداز اور اسلوب تحریر شگفتہ ہے قاری دوران مطالعہ مدینہ منورہ کی وادیوں اور گلیوں کی خنکی اور خوشبو محسوس کرنے کے ساتھ ساتھ متبرک مقامات کی زیارت کا احساس پاتا ہے ۔فاروقی صاحب کے عشق نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے سرشار پاکیزہ قلب سے نکلے ہوئے واردات ،احساسات مشاہدات اور جذبات کے پڑھنے سے دلوں میں سوز وگداز، حب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے امواج میں تلاطم موجزن ہوتا ہے یہ اہل ذوق بلکہ ہر مسلمان کیلئے ایک لاجواب تحفہ ہے ۔طباعت خوب سے خوب تر ، اعلیٰ کاغذ، خوبصورت جلد بندی نے کتاب کے حسن کو چارچاند لگادیے ہیں ،ان شاء اللہ یہ کتاب عوام وخواص کیلئے یکساں مفید ثابت ہوگی (مبصر: محمد اسلام حقانی)

- **عذاب قبر ومسئلہ حیات الانبیاء ،جمہور اہلسنت کی نظر میں.....مؤلف مفتی عمران علی حقانی**

ضخامت: ۲۷۴ صفحات ناشر: جامعہ عبداللہ بن مسعود زیدہ ضلع صوابی 03149885074

زیر تبصرہ کتاب ’’عذاب قبر وحیات الانبیاء ‘‘ اپنے موضوع پر نہایت ہی اچھی کتاب ہے جس میں انہوں نے جمہور علماء کے اقوال کو بالتفصیل بیان کیا ہے اور محققانہ انداز میں دونوں مسائل (عذاب قبر اور حیات الانبیاء) کو مبرہن کیا ہے اور فریق ثانی کے اعتراضات کے جوابات دینے کی بھی کوشش کی گئی ، مفتی عمران علی حقانی دارالعلوم حقانیہ کے فاضل اور لکھاری ہیں ،البتہ فاضل محترم کا یہ نقش اول ہے۔ان شاء اللہ آئندہ ان فروعی مسائل کی بجائے اعلیٰ تحقیقی کام کی طرف متوجہ ہوں گے تاکہ امت کے لئے مجموعی طور پر خیر کا باعث ہو۔(مبصر: محمد اسلام حقانی)

- **قبر پر سورہ بقرہ اول وآخر کی تلاوت :ایک تحقیقی جائزہ.....مؤلف:مولانا اسداللہ خان**

ضخامت: ۲۳۱ صفحات ناشر: مکتبہ الاسلامیہ العلمیہ پشاور

ہر قوم اور علاقے کے غم اور خوشی کے الگ الگ رسم ورواج ہوتے ہیں اسلئے اگر وہ شریعت سے متصادم نہ ہو تو اس میں کوئی قباحت نہیں ،قبر پر سورت بقرہ اول وآخر کی تلاوت بھی ایک مستحب عمل ہے اور اس سے منکر افراد کو مثبت انداز میں دلائل سے سمجھانا چاہیے۔

زیر نظر کتاب ’’قبر پر سورۃ بقرہ اول وآخر کی تلاوت :ایک تحقیقی جائزہ ‘‘میں مفتی اسداللہ صاحب نے انتہائی دلنشین اور لطیف انداز میں اپنے مقدمے کو ثابت کیا ہے جس میں نہ صرف مسئلہ مذکورہ پر تحقیقی انداز میں روشنی ڈالی گئی ہے بلکہ اصول حدیث کے بہت سے علمی مباحث کو بھی شامل کیا گیا ہے جو عوام اور خواص دونوں کیلئے یکساں طور پر مفید ثابت ہونگے ۔دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ موصوف کی اس کاوش کو قبول فرمائے اور ان کی علمی صلاحیتوں میں اضافہ فرمائے (مبصر: محمد عجب انعام حقانی)

© rasailojaraid.com